AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin

Dated : 23-10-2026

Time : 07:40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں سید مبشر رفاعی۔

ہیڈ لائنز:

✓ ۱۔۔۔۔وزیر اعظم نریندر مودی کی ملک کو خود انحصاری کے سفر پر گامزن کرانے کیلئے اپنا رول ادا کرنے کی سماج سے اپیل۔

✓ ۲۔۔۔۔وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا دورہ بڈگام// 25 کروڑ روپے لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹ عوام کے نام وقف۔

✓ ۳۔۔۔۔جھیل ڈل کے عقب میں واقع باغ گل داؤد کو عوام کیلئے کھول دیا گیا// باغ میں 70 سے زائد اقسام کے ایک کروڑ 20 لاکھ پھول موجود۔

اور

✓ ۴۔۔۔۔صوبائی کمشنر کشمیر نے جموں کشمیر فاؤنڈیشن ڈے اور راشٹریہ ایکتا دوس تقریبات کے سلسلے میں انتظامات کا لیا جائزہ

اب پیش ہے خبروں کی تفصیل

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ نوجوان ہمیشہ حکومت کی پالیسیوں اور پروگراموں کا اہم مرکز رہے ہیں۔نئی دلی کے بھارت منڈپم میں آج چن میا امرت مہوتسو عالمی سمیلن سے خطاب کرتے ہوئے نریندر مودی نے کہا کہ پچھلے 25 برسوں سے وہ حکومت کے سربراہ کی حیثیت سے قوم کی بہترین انداز میں خدمت کر رہے ہیں۔

------PM----

وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت نے ملک کے تعلیمی نظام کو نیو انڈیا کے تقاضوں کے مطابق ڈھالنے کیلئے قومی تعلیمی پالیسی متعارف کی ہے۔انہوں نے تعلیمی اداروں پر زور دیا کہ وہ قومی ترقی اور ملک کو معیار کی بلندیوں پر لے جانے کیلئے وضع کئے گئے اہداف کو حاصل کرنے کیلئے کام کریں۔

انہوں نے سماج کو تقسیم کرنے والے عناصر سے خبردار رہنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ ملک کو خود انحصاری کے سفر پر گامزن کرانے نیز 2047 تک ترقی یافتہ بھارت کے خواب کو شرمندۂ تعبیر کرنے کیلئے اپنا رول ادا کریں۔

----PM---

صدر جمہوریہ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ مرکزی سرکار اور ریاستی حکومتوں کی کاوشوں کی بدولت چھتیس گڑھ کو نکسلواد کی بدعت سے پاک کیا گیا ہے اور اب یہ ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔
لالباغ میدان جگدلپور میں آج بستر دشہرہ فیسٹیول 2026 سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے اُمید ظاہر کی کہ قبائلی طبقے کے نوجوان ملک کی ترقی کے شراکت دار بن کر بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے میں اپنا رول ادا کریں گے۔

ایس جے شنکر

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج باکو میں آذربائیجان کے صدر ilham Aliyev کے ساتھ ملاقات کی اور علاقائی و عالمی نوعیت کے معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔
ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اس موقعے پر کہا کہ بھارت اور آذربائیجان دونوں آزاد ذہن کے ملک ہیں جو اہم معاملات پر اپنا واضح نکتہ نظر رکھتے ہیں۔
انہوں نے آذربائیجان کے وزیر خارجہ کے ساتھ ملاقات کی اور دوطرفہ رشتوں کو مستحکم کرنے سے جڑے امور پر بات چیت کی۔

ایل جی ملاقات

انڈین فارین سروسز 2011 بیچ کے افسروں کے ایک گروپ نے آج لوک بھون سرینگر میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔اس دوران انہوں نے ایل جی کو اپنے پیشہ ورانہ تجربات سے آگاہ کیا۔
اس موقعہ پر جموں کشمیر کے تجارتی، سیاحتی اور دیگر شعبوں کے وسائل پر سیر حاصل بات چیت ہوئی اور جموں کشمیر کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج بڈگام کا دورہ کر کے وہاں **25** کروڑ روپے لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھا اور کئی ایک کا افتتاح کیا۔

انہوں نے نالہ سُکھ ناگ پر ایک پُل کا افتتاح کیا اور نالہ سکھ ناگ کے ساتھ ساتھ بیروہ قصبے کی جاذبیت میں اضافہ کرنے کے کاموں کا بھی سنگِ بنیاد رکھا۔ ان پروجیکٹوں کی بدولت علاقے میں موبیلٹی کو دوام حاصل ہونے کے ساتھ ساتھ لوگوں کو بہتر بلدیاتی سہولیات دستیاب ہوں گی۔

اس موقعے پر نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی، ایم ایل اے بیروہ شفیع احمد وانی کے علاوہ کئی دیگر افسران بھی وزیر اعلیٰ کے ہمراہ تھے۔ بعد میں وزیر اعلیٰ نے میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت جموں وکشمیر کے تمام علاقوں میں مساوی ترقی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔

----**Byte**-----

وزیر اعلیٰ باغ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سرینگر میں Chrysanthemum Garden، جسے باغِ گل داؤد بھی کہا جاتا ہے، عوام کیلئے کھول دیا۔ وزیر اعلیٰ نے ایک سوشل میڈیا میں کہا کہ اس باغ کو کشمیر میں خزاں کے موسم کی ایک اہم سیاحتی کشش کے طور پر تیار کیا گیا ہے۔

باغ میں مقامی طور پر تیار کردہ ساڑھے 3 لاکھ پودے موجود ہیں، جن کی 70 سے زائد اقسام کے تقریباً ایک کروڑ 20 لاکھ پھول باغ کی خوبصورتی میں اضافہ کر رہے ہیں۔ اس سال باغ میں پھولوں کی کیاریاں وسیع کی گئی ہیں اور جدید سہولیات بھی فراہم کی گئی ہیں۔

وزیر اعلیٰ نے ملک بھر کے سیاحوں اور جموں وکشمیر کے لوگوں سے کہا ہے کہ وہ باغ کی سیر کر کے اس کے منفرد حسن سے لطف اندوز ہوں۔ اس موقعے پر وزیر زراعت جاوید احمد ڈار بھی موجود تھے۔

جاید رانا

جنگلات اور ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج سرینگر میں قبائلی امور کی مرکزی وزارت کی طرف سے فاریسٹ رائٹس ایکٹ **2006** کی عمل آوری سے متعلق تیسری علاقائی جائزہ کانفرنس کا افتتاح کیا۔ وزیر موصوف نے فاریسٹ رائٹس ایکٹ کی موثر عمل آوری پر زور دیا تا کہ قبائلی طبقے کے لوگ مستفید ہو سکیں۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج ایک بین محکمہ جاتی کوارڈنیشن میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انتظامی محکموں کو

پائیدار ترقیاتی مقاصد کو آئندہ مالی سال کے بجٹ منصوبوں کے ساتھ مربوط کرنے سے متعلق امور سے روشناس کرایا۔ چیف سیکریٹری نے مالی مانیٹرنگ میں ٹیکنالوجی کو استعمال کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

Break

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔

خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن اور DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

GONG

ڈویژنل کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے آج افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر یوٹی فاؤنڈیشن ڈے کی تقریبات اور 31 اکتوبر کو راشٹریہ ایکتا دوس کے سلسلے میں SKICC پر منعقد ہونے والے رن فار یونٹی کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کرکے ان تقریبات کے احسن انعقاد کو یقینی بنائیں۔

ایڈوائزری

سرینگر میں 25 اکتوبر کو منعقد ہونے والے کشمیر میراتھن کے سلسلے میں ٹریفک پولیس نے ایک تفصیلی ایڈوائزری جاری کی ہے اور لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ اس ایڈوائزری پر سختی سے عمل کریں۔ ایڈوائزری کی رو سے 24 اکتوبر رات 8 بجے سے کسی بھی بڑی گاڑی کو ریزیڈنسی روڈ، گپکار روڈ، بلیوارڈ اور فورشور روڈ پر چلنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

اسی طرح سے عام لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ 25 اکتوبر کو صبح 5 بجے سے دن کے ڈیڑھ بجے تک میراتھن کے روٹ پر غیر ضروری چلنے پھرنے سے احتراض کریں۔

میراتھن روٹ گپکار روڈ، ایم اے روڈ، ریزیڈنسی روڈ، بلیوارڈ، بلیاری، ڈلگیٹ سے نشاط فورشور، حبک کراسنگ سے کشمیر یونیورسٹی کے سرسید گیٹ تک ہے۔

سارس میلہ

جموں کشمیر رورل لائیولی ہڈس مشن 25 اکتوبر سے سرینگر میں سارس میلے 2026 کی میزبانی کرے گا۔ دیہی ترقی اور پنچایتی راج محکمے کے اہتمام سے اس پروگرام کا انعقاد پولو ویو پارک سرینگر میں ہوگا۔

10 روز تک جاری رہنے والے اس پروگرام میں مختلف ریاستوں اور یوٹیز کے دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے صنعت کار اور دستکار اپنی مصنوعات کی نمائش کریں گے۔

توقع ہے کہ پروگرام میں 80 سٹال لگائے جائیں گے۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے سعودی عرب کے شاہ فہد بین الاقوامی ہوائی اڈے اور دیگر تنصیبات پر حوثی حملوں کی مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ سعودی عرب کے مقدس شہروں کے ساتھ مسلمانوں کی عقیدت وابستہ ہے اور ان مقامات کی حفاظت یقینی بنانا تمام متعلقہ قوتوں کی اخلاقی ذمہ داری ہے۔

اسمبلی کمیٹی

پٹیشنز سے متعلق جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کی کمیٹی کی ایک میٹنگ آج پیرزادہ فاروق احمد شاہ کی صدارت میں منعقدہ ہوئی۔ میٹنگ میں غذائی اجناس میں ملاوٹ اور کھمبر حضرتبل میں سرکاری اراضی کی غیر قانونی تقسیم کاری جیسے معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

ہندی پکھواڑا

ہندی پکھواڑے کے سلسلے میں آکاشوانی سرینگر میں منعقدہ حالیہ مقابلے میں شاندار کارکردگی دکھانے والوں کے اعزاز میں آج ادارے کے کانفرنس ہال میں ایک انعامی تقریب منعقد ہوئی۔ جس میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والوں میں انعامات اور اسناد تقسیم کی گئیں۔

یہ تقریب سٹیشن کے سربراہ گوربند سنگھ کی صدارت میں منعقد ہوئی، جنہوں نے تمام شرکا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انعام جیتنے والوں کو مبارکباد دی۔ اس موقعے پر ڈپٹی ڈائریکٹر انجینئرنگ پرمود کمار، پروگرام سربراہ غلام رسول آخون، **CBS** کی سربراہ سمینہ شاہ، پروگرام ایگزیکٹیو وسیم فاروق اور دیگر افسران اور عملہ موجود تھے۔

سول ڈیفنس

وزارت داخلہ سیول ڈیفنس کی تیاریوں کو مستحکم کرنے کیلئے اپنی نوعیت کی پہلی پائیلٹ پہل کے تحت سیول ڈیفنس ماسٹر ٹرینرس کو بھارتی فوج کے ذریعے سے خصوصی تربیت دے گی۔

ڈائریکٹوریٹ جنرل آف فائر سروسز، سیول ڈیفنس اینڈ ہوم گارڈس ملک میں فعال سیول ڈیفنس نیٹ ورک قائم کرنے کی غرض سے یہ تربیت فراہم کرے گا۔

وزارت نے مزید کہا ہے کہ سیول ڈیفنس ماسٹر ٹرینرس کو **12** ریاستوں اور یوٹیز میں پہلے مرحلے کے تحت نومبر مہینے کے دوسرے ہفتے یہ **3** روزہ تربیت دی جائے گی۔ یوٹیز کی فہرست میں جموں و کشمیر بھی شامل ہیں۔

سکاسٹ

سکاسٹ کشمیر میں حیاتیاتی کاشتکاری سے متعلق 3 روزہ تربیتی پروگرام آج اختتام پذیر ہوا۔اس پروگرام میں جموں وکشمیر کے 40 شرکاء نے حصہ لیا۔
ڈائریکٹر ایکسٹینشن نے حیاتیاتی کاشتکاری کو کم لاگت اور ماحول دوست قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے کسانوں کی آمدنی میں اضافہ اور بیرونی وسائل پر انحصار کم کیا جاسکتا ہے۔

پولیس

پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے اننت ناگ اور کولگام سے 3 ڈرگ سمگلروں جبکہ کپوارہ سے ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے۔
اسی طرح اونتی پورہ میں بھی دو منشیات فروشوں کو گرفتار کیا گیا ہے، ان کے قبضے سے کافی مقدار میں نشیلی اشیاء برآمد کی ہے۔
پولیس نے پلوامہ ضلع میں غیر قانونی معدنیات نکالنے کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 30 ٹپرس اور ایک JCB کو ضبط کیا ہے۔

ریکروٹمنٹ

آرمی ریکروٹنگ آفس جموں نے فوج میں شامل ہونے کے خواہشمند نوجوانوں اور طالب علموں کیلئے گورنمنٹ ڈگری کالج کشتواڑ میں ایک آؤٹ ریچ پروگرام کا انعقاد کیا۔
اس موقعے پر فوجی افسروں نے نوجوانوں کو فوج میں بھرتی عمل کے مختلف پہلوؤں سے روشناس کرایا۔

عرس

بلند پائیہ ولی کامل حضرت میر سید حسین سمنانی کا عرس مبارک آج عقیدت واحترام کے ساتھ منایا گیا۔اس سلسلے میں ان کے آستان عالیہ واقع کولگام میں ختمات المعظمات اور درود واذ کار کی مجالس آراستہ ہوئیں اور کل رات بھر وہاں شب بیداری ہوئی۔اس دوران علما نے وہاں حضرت سمنانی رحمتہ اللہ علیہ کے روحانی کمالات پر روشنی ڈالی۔

ادبی تقریب

ہردشورہ ٹنگمرگ میں آج ایک ادبی تقریب منعقد ہوئی جس میں قلمکاروں اور دانشوروں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔تقریب کے دوران نوجوان قلمکار طارق منور کے ناول ''یتیم آنسو'' کی رسمِ رونمائی انجام دی گئی۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران چند ایک مقامات پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 21.3 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 4 اعشاریہ 9 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 29.7 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 16 اعشاریہ 7 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 6 بجکر 43 منٹ اور غروب آفتاب شام 5 بجکر 47 منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔آپ سنئیے تبصرہ۔ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ۔